© rasailojaraid.com



# اداریہ

جدید دور میں گزشتہ ادوار کی نسبت ایسی تحقیق علمی کی اشد ضرورت ہے جس سے انسان کو آرام وسکون حاصل ہو اور اس کی فلاح وبہبود کیلئے کام ہو، یہی وجہ ہے تحقیقِ علمی تمام موجودہ اقوام کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ اس میں دوسروں پر سبقت حاصل کرنے کی ضمانت ہے، معنوی، مادی اور فکری تمام اقسام کی برتریاں اسی پر منحصر ہیں، نیز یہ انسانی معرفت کا بنیادی رکن ہے، اسی میں قوموں کی ترقی کا راز پنہاں ہے، تحقیق ہی سے ہم تشدد، منافرت، عدم برداشت اور مذہبی ومسلکی تعصب کو شکست دینے کے راستے تلاش کرسکتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ حقیقت کو جانچنے کیلئے اب بھی بہت سی رکاوٹیں حائل ہیں جن میں سیاسی، اقتصادی علاقائی اور معاشرتی مسائل شامل ہیں، جنہیں دور کرنے کیلئے تمام اقوام کو مل کر کاوش کرنی ہوگی، لیکن افسوس یہ ہے کہ زبانوں اور کلچر کے اختلاف کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی تحقیق اور نقطہ نظر سے استفادہ حاصل نہیں کرپاتے جس کی وجہ سے محققین کو ایک ایک موضوع میں باربار محنت کرنی پڑتی ہے، علوم اسلامی کے حوالے سے عربی، انگلش اور اردو زبانیں بہت اہمیت کی حامل ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہمارے مجلہ الثقافۃ الاسلامیہ میں ان تینوں زبانوں کے مقالات شائع ہوتے ہیں تاکہ عالمی سطح پر ہم اپنی آراء، مواقف اور جدید تحقیقات کو دوسروں تک پہنچا سکیں۔

مجلہ الثقافۃ الاسلامیہ کا چھتیسواں (36واں) شمارہ پیش خدمت ہے جس میں شامل کیے جانے والے تمام مقالات علمی اور تحقیقی اصولوں پر مبنی اور مسلمہ تحقیقی معیار کے معیار کے عین مطابق ہیں علاوہ ازیں انہیں پاکستان کے بلند پایہ اساتذہ ومحققین کی نظر ثانی کے بعد شائع کیا گیا ہے، یہ 2016 عیسوی کا دوسرا شمارہ ہے، اس میں 11 علمی تحقیقی مقالات شائع کیے گئے ہیں، جن میں 7 اردو، 2 انگلش اور دو عربی میں ہے۔

میں مجلس ادارت اردو، عربی، انگلش اور مجلس مشاورت ملکی وبین الاقوامی کے تمام ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے نظر ثانی، مشاورت اور مختلف خدمات کے ذریعے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی، نیز ہم تمام مقالہ نگاران کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں اپنے مقالات ارسال کیے اور امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی علمی کاموں سے مستفید کرتے رہیں گے، ہماری ہمیشہ یہ کوشش ہوگی کہ ہم بہتر سے بہتر مقالات کا انتخاب کرسکیں۔

میں آخر میں اپنے سینٹر کے تمام ممبران اور اساتذہ کرام کو اس شمارہ کی اشاعت پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

**ڈاکٹر عابدہ پروین**

مدیر مجلہ الثقافۃ الاسلامیہ

شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی



© rasailojaraid.com